Australian Government
Department of Human Services

Status Resolution Support Services (SRSS)
ادائیگی – اپنی آمدنی سے آگاہ کرنا

اگر آپ یا آپ کے پارٹنر (شریک حیات) نے کام کرنا شروع کر دیا ہے تو آپ کو **فوری طور پر** ہمیں اطلاع دینی ہو گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپکی اور آپ کے پارٹنر کی آمدنی سے آپ کی SRSS ادائیگیوں پر اثر پڑتا ہے۔

ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آپ ہر دو ہفتوں میں کتنا کماتے رہے ہیں تاکہ آپ کو درست رقم ادا کی جائے۔ اگر آپ کو درست رقم سے زیادہ SRSS ادائیگی مل جائے تو آپ کو یہ رقم لوٹانی ہو گی۔

میرے لیے کیا رپورٹ کرنا ضروری ہے؟

ملازمت سے حاصل ہونے والی آمدنی:

- تنخواہ ، اجرت اور/یا کمیشن سے ہونے والی کل آمدنی (ٹیکس سے پہلے)، جس میں بیماری کیلئے ادائیگی، کیئرر کی رخصت یا تفریحی رخصت کے پیسے بھی شامل ہیں۔

دوسرے ذرائع سے آمدنی:

- باقاعدگی سے ملنے والے تحائف یا الاؤنس
- کسی مرحوم شخص کے ترکے سے آمدنی
- بیماری یا حادثے کی انشورنس۔

ہمیں کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

جب آپ اپنی یا اپنے پارٹنر کی آمدنی سے ہمیں آگاہ کریں تو ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہو گی:

- کل آمدنی کی رقم – وہ رقم جو آپ نے اپنے رپورٹنگ کے عرصے (14 دن) میں ٹیکس کٹنے سے پہلے کمائی تھی
- آپ کے آجر کی تفصیلات – جن میں اس کے کاروبار کا نام، پتہ، فون نمبر اور Australian Business Number ABN، اگر یہ معلوم ہو تو، شامل ہو۔ آپ کو اپنے آجر کا ABN اپنی تنخواہ کی سلپ پر ملے گا یا آپ اپنے آجر سے پوچھ سکتے ہیں
- وہ تاریخ جب آپ نے کام شروع کیا۔

آپ کو اپنے رپورٹنگ کے عرصے کے پہلے دن اور آخری دن کو ملا کر، تمام 14 دنوں کیلئے اپنی اور اپنے پارٹنر کی آمدنی رپورٹ کرنی ہو گی، چاہے ابھی آپ کے آجر نے آپ کو پیسے ادا نہ کیے ہوں۔ یاد رکھیں، سب لوگ ایک ہی دن رپورٹ نہیں کرتے لہذا کچھ صارفین کا رپورٹنگ کا عرصہ آپ سے مختلف ہو سکتا ہے۔

مجھے کب رپورٹ کرنی ہو گی؟

اگر آپ اور/یا آپ کے پارٹنر ملازمت حاصل کریں، کام چھوڑ دیں یا آپ کی آمدنی میں تبدیلی آئے تو آپ **فوری طور پر** ہمیں بتانے کے پابند ہیں۔

جب آپ کام شروع کریں تو آپ کو ہر دو ہفتے بعدSRSS سے پیسے ملنے کے دن سے ایک دن پہلے اپنی آمدنی رپورٹ کرنی ہو گی۔

میں اپنی آمدنی کیسے رپورٹ کروں؟

بذریعہ فون:

- SRSS سے پیسے ملنے کے دن سے ایک دن پہلے **131 202** پر فون کریں اور **جب آپ سے آپ کی زبان پوچھی جائے تو** کہیں"SRSS" ۔ اس نمبر پر فون کر کے آپ اپنی زبان میں کسی سے بات کر سکتے ہیں۔

ذاتی طور پر:

- SRSS سے پیسے ملنے کے دن سے ایک دن پہلے آپ سروس سنٹر جا کر کسی سروس آفیسر سے بات کر سکتے ہیں اور Income Reporting Statement فارم مکمل کر کے داخل کر سکتے ہیں۔کئی سروس سنٹروں میں انٹرپریٹر (زبانی مترجم) یا دو لسانی عملہ موجود ہے یا ٹیلیفون انٹرپریٹر کا بندوبست کیا جا سکتا ہے۔

اگر میرا اپنا کاروبار ہو تو؟

- آپ کو (MOD F) سے Business Details فارم ملے گا جو آپ مکمل کر کے واپس دیں گے۔
- آپ کو نفع اور نقصان کا تین مہینوں کا اندازہ فراہم کرنا ہو گا جو یا تو کسی اکاؤنٹنٹ نے تیار کیا ہو یا آپ اس کیلئے Profit and Loss Statement فارم (SU580) مکمل کر سکتے ہیں۔
- ہم آپ کے نفع اور نقصان کا جائزہ لے کر آپ کا دو ہفتوں کا اوسط منافع طے کریں گے۔
- ہم تب تک ہر تین مہینے بعد آپ کے نفع اور نقصان کا جائزہ لیتے رہیں گے جب تک آپ کی پورے سال کی تجارت دکھانے والا انکم ٹیکس ریٹرن تیار نہ ہو جائے۔

آپ کی آمدنی کون رپورٹ کر سکتا ہے؟

- آپ یا آپ کا پارٹنر
- آپ اپنی جانب سے کسی اور شخص مثلا" اپنے سروس پرووائیڈر کو ہم سے رابطہ کرنے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

یاد رکھیں ہر دو ہفتے بعد اپنی آمدنی کو درست طور پر رپورٹ کرنا آپ کی ذمہ داری ہے تاکہ آپ کو غلطی سے زائد پیسے نہ ادا کر دیے جائیں۔

مزید معلومات کیلئے

- انگلش میں مزید معلومات کیلئے **humanservices.gov.au/srss** پر جائیں
- **humanservices.gov.au/yourlanguage** دیکھیں جہاں آپ اپنی زبان میں معلومات پڑھ سکتے ہیں، سن سکتے ہیں یا وڈیوز دیکھ سکتے ہیں
- **131 202**پر فون کر کے Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں اپنی زبان میں ہمارے ساتھ بات کریں
- **131 450**پر Translating and Interpreting Service (TIS National) کو فون کر کے ہمارے ساتھ اپنی زبان میں Medicare اور Child Support ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں بات کریں
- سروس سنٹر میں جائیں

نوٹ: آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ سے گھر کے فون سے '13' سے شروع ہونے والے نمبر پر کال کرنے کی قیمت لوکل کال کے برابر ہے۔ ٹیلیفون سروس پرووائیڈر پر منحصر ،کال کی قیمت مختلف ہو سکتی ہے اور موبائل فون سے کال کرنا زیادہ مہنگا ہو سکتا ہے۔

اعلان دستبرداری

یہ معلومات جون2016 میں درست ہیں۔ اگر آپ یہ اشاعت اس تاریخ کے بعد استعمال کر رہے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے معلوم کر لیں کہ آیا یہ تفصیلات اس وقت درست ہیں۔

Australian Government
Department of Human Services

Status Resolution Support Services (SRSS) payment—Reporting your income

If you or your partner have started working you will need to let us know **immediately**. This is because what you and your partner earn affects your SRSS payments.

We need to know what you have earned each fortnight, so you are paid the right amount. If you are overpaid an SRSS payment, you will have to pay the money back.

What do I need to report?
Income from employment:

- gross income from salary, wages and/or commission, including sick pay, carer's leave or holiday pay.

Income from other sources:

- gifts or allowances of a regular nature
- income from a deceased estate
- sickness or accident insurance.

What do we need to know?
When reporting yours and your partner's income, we need to know:

- the gross income amount—the amount earned before tax during your reporting period (14 days)
- your employer's details—including their business name, address, phone number and Australian Business Number (ABN) if known. You will find your employer's ABN on your payslip, or you can ask your employer
- the date you started work.

You must report yours and your partner's income for the entire 14 days of your reporting period, including the first and last days, even if you haven't yet been paid by your employer. Remember, not everyone reports on the same day, so some customers may have a different reporting period to you.

When do I report?
You must tell us **immediately** if you and/or your partner get a job, stop working or your income changes.

Once you start work you need to report your income the day BEFORE your SRSS pay day every two weeks.

How do I report my income?
By phone:

- on the day BEFORE your SRSS payday, call **131 202** and say "SRSS" **when asked for your language**. You can speak to someone in your language by calling this number.

In person:

- on the day BEFORE your SRSS payday you can complete and lodge an Income Reporting Statement form by visiting a service centre to speak with a Service Officer. Many service centres have interpreters or bilingual staff, or a telephone interpreter can be arranged.

What if I am self-employed?

- You will be given a Business Details form (MOD F) to complete and return.
- You need to provide a three month estimate of Profit and Loss, either from an accountant or by completing a Profit and Loss Statement form (SU580).
- We will assess your profit and loss and establish your average fortnightly profit.
- We will assess your profit and loss every three months until you have an income tax return that represents the full financial year of trading.

Who can report your income?

- You, or your partner.
- You may have another person such as your Service Provider contact us on your behalf.

Remember it is your responsibility to report your earnings correctly every fortnight in order to avoid an overpayment.

For more information

- go to **humanservices.gov.au/srss** for more information in English
- go to **humanservices.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch videos with information in your language
- call **131 202** to speak with us in your language about Centrelink payments and services
- call the Translating and Interpreting Service (TIS National) on **131 450** to speak with us in your language about Medicare and Child Support payments and services
- visit a service centre

Note: call costs from your home phone to a '13' number from anywhere in Australia are the cost of a local call. Charges may vary depending on the telephone service provider, and mobiles may incur a higher charge.

Disclaimer

This information is accurate as at June 2016. If you use this publication after that date, please check with us that the details are current.